DATE: 13-Feb-2023 DAY: Monday ①

PMS - 2020

سوال نمبر 1:

دین اور مذہب میں فرق؟ دورِ حاضر میں مذہب کی ضرورت و اہمیت بیان کریں۔

جواب:- مذہب:-

مذہب عربی زبان کے لفظ ذہب سے لیا گیا ہے جسکے لفظی معنی ہیں طریقہ یا راستہ اور اصطلاحی معنی ضابطہ حیات یا خود پر غور و فکر کرنا۔ انسان کی ابتداء گمراہی اور لاعلمی سے ہوئی اور پھر رفتہ رفتہ انسانوں نے مشرکانہ خدا پرستی اور توحید پرستی اختیار کرلی۔ ابتداء میں ہر چیز جس سے انسانوں کو خوف آتا تھا یا پھر حیران کرتی اسے خدا بنا کر پرستش شروع کر دیتے۔ پھر اللہ نے انہیں لوگوں میں سے کچھ لوگوں کو ہدایت کے لیے بھیجا یعنی اللہ نے اپنے پیغمبر بھیجے

1. آکسفورڈ ڈکشنری کے مطابق مذہب کی تعریف:-

آکسفورڈ ڈکشنری کے مطابق مذہب کی تعریف یوں بیان کی گئی ہے کہ

"مذہب عقائد اور عبادات کے مجموعے کا نام ہے"

2. ایڈورڈ ٹیلر کے مطابق:-

"روحانیت پر یقین کرنا مذہب کہلاتا ہے"

3. ڈاکٹر اسرار احمد:

ڈاکٹر اسرار احمد کے مطابق "مذہب تین چیزوں کا مجموعہ ہے عقائد، عبادات اور سماجی تہوار یا رسومات۔"

Scanned with CamScanner

DATE: ______ DAY ______

دین :-

دین عربی زبان کا لفظ ہے جسکے لفظی معنی ہیں "غلبہ یا بالا دستی حاصل کرنا" اور اسکے اصطلاحی معنی ہیں کہ دین ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔

قرآنِ مجید میں ارشاد ہے کہ

"اور اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور کسی تفرقے میں نہ پڑو۔"

[سورۃ العمران: 103]

شریعت کے مطابق دین:-

شریعت کے مطابق دین چار چیزوں کا مجموعہ ہے اللہ کی حاکمیت کو تسلیم کرنا، اسکے احکامات پر عمل کرنا، اللہ کے دیے ہوئے قوانین کی پاسداری کرنا اور سزا اور جزاء پر یقین کرنا دین کہلاتا ہے۔"

مذہب کے برعکس دین انسانی زندگی کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کرتا ہے۔ مذہب انسان کے خدا سے تعلق کو ظاہر کرتا ہے جبکہ دین انسان کے خدا کے ساتھ تعلق کے ساتھ ساتھ انسانوں سے اسکے تعلقات اور سلوک کی بات بھی کرتا ہے

DATE: ______ DAY: ______

ڈاکٹر اسرار کے مطابق دین کی تعریف :-

ڈاکٹر اسرار نے دین کی تعریف یوں بیان کی ہے کہ

"دین چھ چیزوں کے مجموعے کا نام ہے عقائد، عبادات، سماجی رسومات، سماجی نظام، سیاسی و معاشرتی نظام اور انصاف"

دین اور مذہب میں فرق :-

اسلام نہ صرف ایک مذہب ہے بلکہ دین بھی ہے۔ مذہب انسان کی انفرادی زندگی کے بارے میں بیان کرتا ہے جبکہ دین انسان کی انفرادی اور اجتماعی دونوں زندگیوں کا احاطہ کرتا ہے مذہب اور دین میں فرق درج ذیل ہے:

(i) دین کل ہے اور مذہب دین کا جزو ہے :-

دین اور مذہب کا بنیادی فرق یہ ہے کہ دین کل ہے اور مذہب اسکا ایک جزو ہے۔ دین انسان کی کل زندگی یا پہلوؤں کا احاطہ کرتا ہے اور مذہب صرف انفرادی

(ii) انسان اور خدا کے درمیان تعلق :-

دین انسان اور خدا کے درمیان تعلق کے علاوہ انسانوں کے آپس تعلقات پر بھی

Scanned with CamScanner

زور دیتا ہے ان یعنی حقوق اللہ اور حقوق العباد
دونوں کے بارے میں ہدایت فراہم کرتا ہے
جبکہ دین (مذہب) صرف اور صرف انسان اور اللہ کے
درمیان تعلق کو بیان کرتا ہے یعنی حقوق العباد
کے بارے میں بیان کرتا ہے۔

(iii) عقائد سے متعلق فرق:۔

مذہب میں عقائد انسان کے بنائے ہوئے
ہوتے ہیں جیسا کہ دوسرے مذاہب میں بھی ہمیں
دیکھنے کو ملتا ہے جبکہ دین میں عقائد الہامی ہوتے
ہیں جیسا کہ ارشاد ہے کہ اسلام کے بنیادی عقائد
پانچ ہیں جو کہ درج ذیل ہیں۔

امنت باللہ وملئکتہ وکتبہ و
رسولہ والیوم الاخرہ

ترجمہ:۔

"میں ایمان لایا اللہ پر، اسکے فرشتوں پر
الہامی کتابوں پر، نبی کی رسالت پر، اور آخرت کے
دن پر۔"

(iv) نظریاتی قانون اور زندگی کو مقصدیت عطا کرنا

مذہب انسان کو کوئی نظریاتی قانون نہیں
دیتا ~~بلکہ زندگی~~ تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ زندگی کا اصل
مقصد کیا ہے جبکہ دین سماجی نظم و ضبط کے تحت اجتماعی

DATE: DAY: (۷)

اور ہم آہنگ زندگی کو فروغ دیتا ہے اور مقصدیت زندگی عطا کرتا ہے۔

(vi) عبادت اور سماجی نظام کے قیام کی مسلسل کوشش :-

مذہب عبادت کی شکل میں مذہبی ریاضت کا حکم دیتا ہے جو خود اذیتی پر مبنی ہوتا ہے جبکہ دین انسانوں پر زور دیتا ہے کہ وہ خدائی سماجی نظام کے قیام کی مسلسل کوشش کریں۔

(vii) رضائے الٰہی اور انسانیت کی اصلاح :-

دین مقصد رضائے الٰہی کے ساتھ ساتھ انسانیت کی اصلاح کی مجموعی ترقی کے بارے میں بھی بیان کرتا ہے جبکہ مذہب کے پیروکار اس بات سے مطمئن ہوتے ہیں کہ انہوں نے خدا کے ساتھ اپنا تعلق بہتر کیا ہے اور ہر شخص کا مقصد صرف اپنی نجات ہوتا ہے۔

(viii) حوصلہ افزائی اور خود اعتمادی ~~پیدا کرنے~~ کا درس :-

مذہب انسان کے خوف کے احساس کو فروغ دیتا ہے اور ان کو کلیسا نیت میں بدلنے کا راستہ تلاش کرتا ہے جبکہ دین انسان کو حوصلہ اور خود اعتمادی حاصل کرنے کا درس دیتا ہے۔

Scanned with CamScanner

DATE: ________ DAY: ________

دورِ حاضر میں مذہب کی ضرورت و اہمیت:۔

مذہب کی ضرورت و اہمیت ہر دور، ہر طبقہ اور ہر علاقہ کے لیے مسلم رہی ہے۔ اسکی ضرورت و اہمیت کئی لحاظ سے ہے اسکو مختصر طور پر بیان کیا جاسکتا ہے

(i) مذہب ایک فطری خواہش ہے

(ii) مذہب ایک روحانی اقتضاء ہے

(iii) مذہب ایک معاشرتی ضرورت ہے۔

(i) مذہب ایک فطری خواہش

مذہب ایک رجحان فکر کا نام ہے جسے وہ شعوری یا اعتقادی طور پر اپناتا ہے خواہ اسکی بنیاد کسی وحی پر ہو یا اسکی کوئی خود کی ذہنی اختراع ہو فطری طور پر انسان کو اپنی زندگی گزارنے کے لیے کسی سمت کی مقصد کی ضرورت ہوتی ہے پریشانیوں سے لڑنے کی ہمت بھی اس سے حاصل ہوتی ہے۔ جیسا کہ مشہور مفکر خدا پنڈت جواہر لعل نہرو کے یہ الفاظ ہیں کہ

"جب مجھے کوئی انتہائی مشکل مسئلہ پریشان کرتا ہے تو میں مندر جاتا ہوں مورتی کی پوجا کرتا ہوں آنسو بہاتا ہوں حتیٰ کہ میری پریشانی ختم ہوجاتی ہے"

DATE: ________ DAY: ________

اسی وجہ سے علامہ شبلی نعمانی لکھتے ہیں کہ

"دنیا میں ہر قوم، ہر نسل، ہر طبقہ مذہب رکھتا ہے۔ عالم و جاہل، رذیل و شریف شاہ و گدا، افریقہ کا وحشی اور یورپ کا تعلیم یافتہ سب اس میں برابر ہیں۔"

(ii) مذہب ایک روحانی اقتضاء:-

فطری ضرورت و خواہش ہونے کے ساتھ ساتھ مذہب روحانی اقتضاء بھی ہے۔ روحانیت کا تصور مذہب کے بغیر نہیں ہو سکتا اور یہ تعلق اس قدر وابستہ ہے کہ اگر روحانیت کا وجود تسلیم کرو تو مذہب کا تصور خود بخود ہی تسلیم کرنا ہوگا۔

جیسا کہ ایڈورڈ ٹیلر بیان کرتے ہیں کہ

"روحانیت پر یقین کرنا مذہب کہلاتا ہے۔"

(iii) مذاہب ایک معاشرتی ضرورت:-

معاشرتی لحاظ سے بھی مذاہب کی ضرورت اور اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ انسان کو معاشرتی رواداری، امن و امان، اخلاقی ترقی و تربیت وغیرہ بھی مذہب سے حاصل ہوتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

DATE:

DAY:

حاصلِ کلام :-

انسان کو زندگی گزارنے کے لیے اور زندگی کا مقصد حاصل کرنے کے لیے ایک راہِ راست کی ضرورت ہوتی ہے وہ وحی سے بھی حاصل ہوتی اور ذہنی اختراع سے بھی جسے مذہب کہتے ہیں مذہب اور دین میں چند اہم اور واضح فرق بیان کیے ہیں جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اسلام نہ صرف ایک مذہب ہے بلکہ دین بھی ہے جو کہ انسان کو زندگی کے تمام پہلوؤں کے بارے میں ہدایت دیتا ہے اور اللہ پاک نے ہمارے لیے بہترین دین کے طور پر دینِ اسلام پسند فرمایا ہے ارشادِ باری تعالیٰ ہے کہ

ترجمہ : ~~"اور جو کوئی اسلا~~

"اور بیشک دین اللہ کے ہاں فرمانبرداری ہی ہے۔"

[سورۃ العمران : 19]